الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ:۔ 18اگست2022اسلام آباد

آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں ضمنی الیکشن این اے 245 کراچی اور سندھ میں دوسرے مرحلہ کے انتخابات جو بالترتیب مورخہ 21اگست2022اور28اگست2022کو منعقد ہونگے انکے پرامن انعقاد کے حوالے سے ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس کی صدارت سیکرٹری الیکشن کمیشن اور چیف سیکرٹری سندھ نے (بذریعہ ویڈیو لنک) کی۔اجلاس میں آئی جی سندھ، صوبائی الیکشن کمشنر سندھ ، ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر این اے 245 اور دیگر Law enforcement Agencies کے نمائندوں نے شرکت کی۔میٹنگ میں دونوں انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے اس موقع پر چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کا پیغام پہنچایا کہ پولنگ کے دوران کسی بھی قسم کی بدامنی پھیلانے اور پولنگ میں مداخلت کرنے کو کسی بھی صورت میں برداشت نہیں کیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا تفریق فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

چیف سیکرٹری اور آئی جی سندھ نے بریف کیا کہ الیکشن کے دوران امن وامان کو برقرار رکھنے کے لئے خصوصی انتظامات کئے گئے ہیں ۔الیکشن کے دوران پولنگ سٹیشنوں کے علاوہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی موبائل ٹیمیں اور ریزرو فورسز بھی تعینات کی جارہی ہیں۔پولیس کے علاوہ امن اومان کو یقینی بنانے کے لئے رینجرز کے دستے اور پاک آرمی بطور(Third Tier)ڈیوٹی سرانجام دے گی۔الیکشن کے انعقاد سے قبل بھی پولنگ میٹریل کی بحفاظت ترسیل اور واپسی کے خاطر خواہ انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے یہ واضح کیا کہ الیکشن کمیشن انتخابات کے دوران کسی قسم کی بے ضابطگی کو برداشت نہیں کرے گا اور تمام ذمہ داروں کے خلاف فوری اور بلا امتیاز کارروائی عمل میں لائے جائے گی۔

یاد رہے کہ این اے 245 کراچی میں 263 پولنگ سٹیشن قائم کئے گئے ہیں جبکہ سندھ میں دوسرے مرحلے کے انتخابات جو کہ کراچی اور حیدر آباد میں ہونگے ان میں 9046 پولنگ سٹیشن قائم کئے گئے ہیں۔

پاک آرمی اور رینجرز کے فلیگ مارچ پولنگ کے دوران پولنگ اسٹیشنز کے احاطے کے آس پاس مسلسل مارچ کرتے رہیں گے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ پر فوری کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔

مزید برآں انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ پولنگ اسٹیشنوں پر بنیادی سہولیات، پانی، بجلی، واش روم، باہم معذوری افراد کے لئے ریمپ کی سہولیات، بزرگ، حاملہ خواتین اور خواجہ سراوں کو ووٹ ڈالنے کو آسان بنانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے اور ساتھ ساتھ پولنگ اسٹیشنوں کی صفائی کا بھی خاص خیال رکھا جائے۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان جناب عمر حمید خان صاحب این اے 245اور سندھ بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں